12
9
3
6

دنیا کا سب سے مہنگا اور خطرناک بمبار طیارہ امریکی بی-2 سپرٹ کو کہا جاتا ہے۔

بی-2 سپرٹ دنیا کا واحد سٹیلتھ بمبار طیارہ ہے جو ایک وقت میں 20 ہزار کلوگرام کے لگ بھگ گولہ بارود اٹھا سکتا ہے۔

اس طیارے کا پروجیکٹ سرد جنگ کے دوران شروع ہوا ، پہلے پہل اسکو ۱۳۰ کی تعداد میں بنانے کا منصوبہ بنایا گیا تھا لیکن سویت یونین کے ٹوٹنے، سرد جنگ کے خاتمے اور اس طیارے پر آنے والی بھاری لاگت کے باعث اس طیارے کو صرف 21 کی تعداد میں بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

یہ بمبار طیارہ خصوصا" ائیرڈفینس سسٹمز والے علاقوں میں دشمن کے ریڈارز میں نظر آئے بغیر بمباری کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، اور ضرورت پڑنے پر ایٹمی حملے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

طیارہ چار طاقتور انجنز سے لیس ہے اور اسے دو پائلٹس اڑاتے ہیں۔

اگر اسکے ہتھیاروں کی بات کی جائے تو یہ ایک وقت میں 80 کی تعداد میں مارک-82 بم اٹھا سکتا ہے۔

اور اگر اسے ایٹمی حملے کے کیے استعمال کرنا ہو تو یہ ایک وقت میں 16 ایٹم بم اٹھا سکتا ہے(یعنی ایک وقت میں 16 شہروں کا صفایا)۔

اب تک یہ طیارہ سرد جنگ کے بعد سے تمام اہم امریکی کارائیوں میں استعمال ہوتا آیا ہے۔

0307-8162003